خیبرپختونخوا اور سنٹرل پنجاب کی قومی انڈر 16 ایک روزہ ٹورنامنٹ کے فائنل میں رسائی

لاہور،18 دسمبر2019ء:

خیبرپختونخوا اور سنٹرل پنجاب کی ٹیمیں فیصل آباد میں جاری پی سی بی پیپسی قومی انڈر 16 ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ ایونٹ کا فائنل 20 دسمبر کو اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلا جائےگا۔

بدھ کے روز ایونٹ کے آخری دومیچز میں خیبرپختونخوا اور سندھ کی ٹیموں نے کامیابی حاصل کی۔

اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئےمیچ میں خیبرپختونخوا نےسدرن پنجاب کو10وکٹوں سے شکست دے دی۔پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے سدرن پنجاب کی پوری ٹیم 105رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ اوپنر عدنان شاہد 62 رنز بناکر نمایاں رہے۔ خیبرپختونخوا کی جانب سے اسپنر محمد عرفان نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں خیبرپختونخوا نے مطلوبہ ہدف 8.4اوورز میں حاصل کرلیا۔ اوپنر محمد فاروق نے 11 چوکوں اور 2 چھکوں کی بدولت 33 گیندوں پر ناقابل شکست 71 رنز کی برق رفتار اننگز کھیلی۔ عرفات افسر28 رنز بناکرناٹ آؤٹ رہے۔

دوسری جانب بوہرانوالی گراؤنڈ فیصل آباد میں سندھ نے ناردرن کو ایک وکٹ سے شکست دے دی۔آؤٹ فیلڈ گیلی ہونے کے باعث دونوں ٹیموں کے درمیان میچ32 اوورز تک محدود کردیا گیا۔پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے ناردرن نے مقررہ 32 اوورز میں 9وکٹوں کے نقصان پر 106رنز بنائے۔ سندھ کے عالیان محمود نے 4وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں سندھ نے مطلوبہ ہدف 22ویں اوور میں ایک وکٹ قبل حاصل کرلیا۔ اوپنر مرزا سعد بیگ44 رنز بناکر نمایاں بیٹسمین رہے۔ ناردرن کے اسپنر محمد ابراہیم نے 4کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk